پنجگور (این این آئی) پنجگور بی این پی عوامی کے مرکزی صدر و رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ نے لاء کالج پنجگور کا افتتاح کیا اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ سی پیک کا پہلا فیز جس کا معاہدہ 56 ارب ڈالر بیجنگ کے ساتھ ہوا تھا اس میں جو 25 ارب بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے ریلیز ہوئے تھے اس سے بلوچستان کو مکمل نظر انداز کیا گیا بلوچستان میں سی پیک کی رقم سے نہ سڑکیں بنی ہیں اور نہ ریلوے کا نظام بنایا گیا بلکہ تمام سیکٹر میں بلوچستان کو محروم رکھا گیا اسی طرح ریکوڈک کے سودے میں بھی بلوچستان کا حصہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر رہا بلوچستان کے وسائل کو ہمیشہ پنجاب کی روشنیوں کو بڑھانے کے لیے خرچ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اجتماعی کاموں کے آگے رکاوٹ ڈالی۔ یہ لوٹ مار کے لیے آئے ہیں ماضی میں ان کو پنجگور کی ترقی کے لیے 4 ارب روپے ملے تھے یہ ان پیسوں سے پنجگور کی ترقی کے لیے ایک خشت بھی نہیں ڈال سکے۔ انہوں نے کہا کہ جہد و جہد کو نظریاتی و فکری طور پر استوار کر کے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ وی سی پنجگور نے یونیورسٹی کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا۔ یونیورسٹی کا نظم و نسق متاثر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کے نام پر مارشلا مسلط کیا گیا ہے حکومتوں کو ریموٹ کے ذریعے کنٹرول کیا جا رہا ہے پڑھا لکھا بلوچستان بی این پی عوامی کا خواب ہے۔

## سمگلنگ کے نام پر روزگار کے مواقع ختم نہ کیے جائیں، محمود خان بادینی

### ایرانی ایشیا خورد و نوش سامان کی محدود پیمانے پر نقل و حمل کی اجازت دی جائے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین مشترکہ بلوچستان بس ٹرانسپورٹ فیڈریشن میر محمود خان بادینی نے گورنر بلوچستان ڈپٹی چیئرمین سینیٹ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وزیر اعظم پاکستان سمیت دیگر تمام اعلیٰ متعلقہ حکام کو رخشان .........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ڈویژن کے بارڈری اضلاع کے بے روزگار نوجوانوں اور عوام خصوصاً بس کوچز پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والے مسافروں کے جائز مطالبات تسلیم کر کے ان پر عملدرآمد کرائیں، اگرچہ اعلیٰ حکام قومی و صوبائی حکومت کی ذمہ داران، وزارت داخلہ، چیف کلیکٹر کسٹم بلوچستان کی ذمہ داری تھی کہ وہ عوام کو ریلیف دلائیں نہ کہ انکے واحد ذریعہ روزگار پر قدغن لگائیں لیکن ان مسائل پر کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 JUN 2024 Page No. 17

# زرغون شاہان پکنک منانے والے 10 افراد شناخت کے بعد اغواء

## 40 سے زائد مسلح افراد نے پکنک پوائنٹ کو گھیرے میں لیکر سب کے شناختی کارڈ چیک کئے بعد میں 4 کو چھوڑ دیا گیا

## مسلح افراد نے پکنک منانے والوں کیساتھ کھانا بھی کھایا، اغوا ہونیوالوں میں 7 کا تعلق کوئٹہ دو کا ملتان سے ہے، سرچ آپریشن شروع

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زرغون شاہان پکنک پوائنٹ سے نامعلوم مسلح افراد نے پکنک پر آنے والے افراد کے شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد کسٹم اہلکار سمیت 10 کو اغوا کرلیا، اغوا ہونے والوں میں 4 افراد کا سرکی روڈ کوئٹہ اور دو کا تعلق ملتان سے ہے جو کزن ہیں، سیکورٹی فورسز لیویز اور پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا، لیویز ذرائع کے مطابق عید کی چھٹیوں کے باعث کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف اضلاع سے سینکڑوں افراد پکنک منانے کیلئے زرغون شاہان پکنک پوائنٹ ہرنائی کے قریب عید کے تیسرے روز پکنک منا رہے تھے شام کو 40 سے زائد مسلح افراد قریبی پہاڑ سے پکنک پوائنٹ پر آئے اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر وہاں موجود تمام افراد کو ایک جگہ جمع کر کے ان کے شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد دس افراد کو اغوا کر کے لے گئے، ایک عینی شاہد نے بتایا کہ پکنک پوائنٹ پر انتہائی رش تھا، ہر طرف لوگ کھانے پکا رہے تھے میوزک بھی سن رہے تھے اور علاقائی رقص بھی کیا جا رہا تھا کہ اسی دوران تین درجن سے زائد مسلح افراد آئے اور ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے پکنک منانے والوں کو ایک جگہ کھڑے ہونے کو کہا، عینی شاہد نے بتایا کہ وہاں موجود مقامی افراد نے مسلح افراد سے بات کرنے کی کوشش کی تاہم انہوں نے کوئی بات نہیں سنی اور سب کے شناختی کارڈ چیک کئے اور 14 افراد کو ایک طرف کھڑا کر دیا اور مسلح افراد نے دیگر پکنک منانے والوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا بھی کھایا اور بعد میں 14 افراد کو اپنے ساتھ لے گئے جبکہ چار افراد کو کچھ فاصلے پر لے جا کر چھوڑ دیا ذرائع نے بتایا کہ ہرنائی کے علاقے طارق آباد ریسٹ ہاؤس کے قریب زرغون شاہان پکنک پوائنٹ سے اغوا ہونے والے کوئٹہ کے علاقے سرکی روڈ انور کاسی ٹاؤن کے 7 نوجوان ریلوے آئی ٹی برانچ کا کلرک رضا ولد شیخ منصور رضا، تین بھائی فرمان ولد شاہ رضا، ریحان ولد شاہ رضا، حسن ولد شاہ رضا ملتان سے آئے ہوئے اپنے کزن حارث اور حمزہ ولد رفیع تین موٹر سائیکلوں پر پکنک منانے گئے تھے، جبکہ ایئر پورٹ روڈ کا رہائشی کسٹم اہلکار عبدالبصیر بھی پکنک منانے گیا تھا، لیویز ذرائع نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز، لیویز اور پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر وہاں موجود افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کیا اور مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

## کوئٹہ، لڑکے کے اغواء اور قتل کے مقدمے میں ملزم کو دوبار عمر قید کا حکم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیشن جج سریاب نجیب اللہ کاکڑ کی عدالت نے لڑکے کو اغوا اور بدفعلی کے بعد قتل کرنے کے مقدمے میں نامزد ملزم کو جرم ثابت ہونے دو بار عمر قید اور چار لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ عدالت نے مذکورہ ملزم کو اغواء کا جرم ثابت ہونے پر بھی 14 سال قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا حکم سنایا۔ استغاثہ کے مطابق ملزمان ثناء اللہ ولد رحمت اللہ اور احسان اللہ ولد نور محمد پر کوئٹہ کے پولیس تھانہ شالکوٹ کی حدود میں نقیب اللہ نامی لڑکے کو اغواء کر کے بدفعلی کرنے اور پھر قتل کرنے کا الزام تھا۔ اور پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے چالان عدالت میں پیش کیا تھا جس پر عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم ثناء اللہ کو زیر دفعہ 302b کے تحت جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ جرمانے کی عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزم کو مزید چھ ماہ قید کی سزا بھگتنا ہوگی عدالت نے زیر دفعہ 377 کے تحت جرم ثابت ہونے پر بھی ملزم ثناء اللہ کو عمر قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم کو مزید چھ ماہ قید کی سزا بھگتنا ہوگی جرمانے کی رقم کا 50 فیصد ملزم مقتول نقیب اللہ کے ورثاء کو ادا کرنا ہوگا۔ عدالت نے ملزم ثناء اللہ کو زیر دفعہ 364A میں جرم ثابت ہونے پر بھی 14 سال قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم کو مزید چھ ماہ قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے مقدمے میں نامزد دوسرے ملزم احسان اللہ کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کرنے کا حکم دیا۔ ملزم ثناء اللہ کو سزا سنائے جانے کے بعد جیل بھیج دیا گیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مطابق مقتول لڑکے نقیب اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی گمشدگی کے بعد نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا تاہم بعد ازاں لوگوں نے ملزم ثناء اللہ کو کلی محمد حسنی دشت میں لڑکے کو دفناتے ہوئے پکڑ لیا تھا۔

## دشت میں کنویں سے لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت کے علاقے تیرا میل میں کنویں سے لاش برآمد ہوئی، ہسپتال میں جس کی شناخت نور الدین ولد دھنی بخش ماچی عمر 45 سال سکنہ جیکب آباد کے نام سے ہوئی لیویز کے مطابق کارروائی ڈی سی مستونگ سید سمیع کو ملنے والی اطلاع پر کی گئی۔

## منگچر: دو گرویوں میں مسلح تصادم ایک شخص جاں بحق 4 زخمی

قلات (نامہ نگار) منگچر بازار جوہان کراس میں ایک ہی قبیلے کے دو گروپوں میں مسلح تصادم کے نتیجے میں ولی اللہ ولد مولوی داد خدا نامی شخص جاں بحق جبکہ محمد طاہر ولد محمد کرم، احسان اللہ ولد محمد کرم، محمد وفا ولد حمید اللہ اور محمد عثمان ولد حمید اللہ زخمی ہو گئے جنہیں قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 21 JUN 2024 Page No. 20

# کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان حادثات 6 ہلاک فائرنگ سے ریڑھی بان زخمی

عید کے روز پولیس موبائل حادثے میں زخمی اہلکار جاں بحق حب میں ہی موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 3 نوجوان ہلاک ہوگئے

کواری روڈ چلڈرن ہسپتال پارکنگ میں گاڑی زیر تعمیر عمارت کے تہہ خانے میں گرنے سے 1 ہلاک اور 1 زخمی

[illegible]

کوئٹہ اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نامہ نگاران) حب کے علاقے میں عید کے روز پولیس موبائل حادثے میں زخمی اہلکار جاں بحق' ہلاکتوں کی تعداد 6 ہوگئی تفصیلات کے مطابق عید کے روز اوتھل زیرو پوائنٹ کے قریب پولیس موبائل حادثے میں زخمی ہونے والا محمد علی ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ہلاکتوں کی تعداد 6 ہوگئی دریں اثناء حب کے علاقے میں حادثے کے نتیجے میں 3 نوجوان جاں بحق ہوگئے تفصیلات کے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مطابق حب کے علاقے میں 2 موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرانے سے ان پر سوار 3 نوجوان زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کیا جارہا تھا کہ وہ راستے میں ہی دم توڑ گئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے دریں اثناء کواری روڈ چلڈرن ہسپتال کی پارکنگ میں گاڑی زیر تعمیر عمارت کے تہہ خانے میں گرنے سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب چلڈرن ہسپتال کی پارکنگ سے گاڑی نکالتے وقت نزدیک زیر تعمیر عمارت کے تہہ خانے میں گاڑی گرنے سے گاڑی میں سوار ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا

## اوستہ محمد سٹی پولیس، 15 مددگار کی کارروائی دو ملزمان گرفتار

ملزمان فیض محمد، ممتاز علی لڑائی جھگڑے کے مقدمہ میں روپوش تھے

ملزم اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد سٹی پولیس اور 15 مددگار فورس کی کامیاب کارروائی۔ ضرر کے مقدمہ میں روپوش دو ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کی خصوصی ہدایات پر ایس پی اوستہ محمد محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد خادم حسین گمسی کی زیر نگرانی سب...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

انسپکٹر غازی عبدالرؤف جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے خفیہ اطلاع ملنے پر بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے لڑائی جھگڑے کے مقدمہ میں روپوش ملزم ممتاز علی ولد عبدالرحیم قوم ہبر ساکن جعفر کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا جبکہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر کرم حسین ہبر انچارج 15 مددگار فورس اوستہ محمد نے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے لڑائی جھگڑے کے مقدمہ میں روپوش ملزم فیض محمد ولد یار محمد قوم ہبر ساکن جعفر کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا مزید کاروائی مقامی پولیس کررہی ہے

## ائیر پورٹ روڈ پر اخبار فروش سے موٹر سائیکل چھین لیا گیا

محمد کریم عرف بابل سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھیننا قابل مذمت ہے، غازی خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ائیر پورٹ روڈ پر نامعلوم افراد نے اخبار فروش کو موٹر سائیکل سے محروم کردیا پولیس کے مطابق اخبار فروش محمد کریم عرف بابل محمد حسنی گزشتہ روز ائیر... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ویورٹ روڈ پر اخبارات کی ترسیل کررہا تھا کہ اسی دوران دو نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اس سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے ائیر پورٹ پولیس نے مقدمہ درج کرکے تلاش شروع کردی

## تربت میں سرکاری عمارتوں پر دستی بم حملہ

جوابی کارروائی سے ملزمان فرار ہوگئے، پولیس ذرائع

تربت (یو این اے) بلوچستان کے علاقے تربت میں سرکاری عمارتوں پر دستی بم حملہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ رات تقریباً 9 بجے ڈگری کالج کے قریب موجود سرکاری اداروں پر دستی بم حملہ کیا گیا۔ دھماکوں کی اوازوں سے قریبی ابادی دہشت زدہ ہوگئی۔ البتہ جوابی کارروائی سے ملزمان فرار ہوگئے۔ پولیس ذرائع نے مزید بتایا کہ دھماکوں اور فائرنگ سے کوئی نقصان نہیں ہوا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# دریجی مائن لیز تنازعہ 230 افراد کیخلاف مقدمات درج

نامزد افراد میں وائس چیئرمین کمال محمد حسنی، اصغر بزنجو، رزاق لاسی، رحمت اللہ مری، واحد بخش جمالی و دیگر شامل

تنازعہ اور گرفتاریوں کے خلاف احتجاج کرنے پر بھوتانی گروپ کے 26 رہنما و کارکن بھی زد میں آگئے

حب/وندر سونمیانی (نمائندہ انتخاب) دریجی مائن لیز اراضیات تنازعہ گرفتاریوں پر احتجاج ساکران اور وندر میں بھوتانی عوامی کارواں کے 26 رہنماؤں اور کارکنوں سمیت 230 نامعلوم افراد کے خلاف تعزرات پاکستان کی دفعات 147,341 اور 149 کے تحت مقدمات درج کیے گئے ہیں نامزد افراد میں ساکران سے وائس چیئرمین ضلع بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

کونسل حب کمال محمد حسنی، اصغر بزنجو، رزاق لاسی، رحمت اللہ مری، واحد بخش جمالی، عبدالحق مری، وڈیرہ یعقوب لاسی، اسد علی و دیگر 70 سے 80 نامعلوم جبکہ وندر میں 18 افراد ماسٹر غلام رسول انگاریہ، وڈیرہ عبدالستار انگاریہ، محمد سلیمان انگاریہ، نذیر احمد فقیر، عبدالحمید ساجدی، محمد یعقوب نوہانی، زاہد مبارک، رحیم بخش برہ، غلام مصطفیٰ بروہی، امیر بخش دودا، ڈاکٹر نور انگاریہ، عبدالواحد سوری، خدائے داد، علی بخش فقیر، جاوید فقیر، سیف اللہ اور خالد سمیت 100 سے 150 نامعلوم افراد شامل ہیں اس حوالے سے بھوتانی عوامی کی جانب سے رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف مقدمات کا اندراج حکومت اور پولیس کی طرف سے انتقامی کاروائیاں اور پولیس کا جانبدارانہ سلوک قرار دیا جارہا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 JUN 2024

Page No. 21


## چاغی، کوچز میں اوورلوڈنگ سے عوام پریشان

چاغی (نامہ نگار) چاغی نوکنڈی اور کوئٹہ روٹ پر چلنے والے کوچ کے اندر مسافروں کیساتھ ظلم کی انتہا، کوچ مالکان کے اوور لوڈنگ سے عوام سخت پریشان۔ تفصیلات کے مطابق چاغی نوکنڈی اور چاغی نوکوہ، چاغی کے تاجروں، مسافروں، اور کوئٹہ ودیگر علاقوں میں علاج کے لئے اپنے مریضوں کو لیجانیوالے مسافروں کوچ مالکان کے وجہ سے سخت پریشان ہے کہ کوچ مالکان جنکے کوچز روزانہ چاغی سے نوشکی اور کوئٹہ کے لئے نکلتے ہیں۔ انکپاس دوسرے نمبر پر بھی روٹ پرمٹ ہیں۔ جو کہ یہ عرصہ دراز سے دوسرے نمبر پر کوچ نہیں چلاتے ہیں۔ اور مسافروں کو گلی اور چھتوں پر ادھر ادھر پیسے بٹورنے کے چکر میں بٹھا لیتے ہیں تاکہ زیادہ پیسے جمع کر سکیں کوچ مالکان کے اوورلوڈنگ کے وجہ سے گلیوں میں مردوں کے بیٹھنے کی وجہ سے سفر کرنے والے فیملیز کو سخت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈی سی چاغی عتیق الرحمٰن شاہوانی کمشنر رخشان ڈویژن سے نوٹس کے اپیل کی ہیں کہ کوچ کے اندر اوورلوڈنگ ختم کیئے جائیں

## چاغی، شہر میں بجلی اوقات کار پر نظر ثانی کی جائے، مطالبہ

### شدید گرمی میں دکانوں کے اندر بیٹھنا مشکل ہو گیا ہے، عوامی حلقے

چاغی (نامہ نگار) شہر میں بجلی ٹائمنگ پہ نظر ثانی کی جائیں چاغی شہر کے بجلی کی ٹائمنگ بھی صبح 8 بجے سے کر دیئے جائیں چاغی کے کمرشل اور گھریلو صارفین کا واپڈا حکام سے مطالبہ چاغی کے تاجر برادری نے چاغی کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع چاغی بلوچستان کے گرم ترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے چاغی شہر میں صبح دس بجے کے بعد لوگ اپنے گھروں میں لوٹ جاتے ہیں اور بازار سنسان ہوتا ہیں شدید گرمی میں دکانوں کے اندر بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہیں۔

## مہنگائی پر قابو کرنا کی ذمہ داری ہے، عوامی حلقے

اوستا محمد (یو این اے) مہنگائی کنٹرول کرنا مقامی انتظامیہ کا کام ہے نہ کہ صدر وزیر اعظم کا کام ہے مہنگائی اور ٹرانسپورٹ کے کریوں میں کمی کرنا مقامی انتظامیہ ہی کردار ادا کرے۔ عوامی حلقے کے مطابق اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے کہا کہ پٹرول اور ڈیزل کے کمی کا فائدہ عوام کو نہیں ٹرانسپورٹروں کو ہوا ہے لوگوں سے وہی کرایہ وصول کیا جا رہا ہے جو سراسر زیادتی ہے۔ مہنگے کریوں سے اشیا خورد کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہے اب ان مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے صدر پاکستان یا وزیر اعظم پاکستان تو ہر شہر میں نہیں جائیں گے بلکہ یہ مقامی انتظامیہ کا کام ہے وہ مہنگائی کو کنٹرول کریں یہ چیف سیکریٹری کی نااہلی ہے کہ وہ ضلعی انتظامیہ کو سختی سے کہیں کہ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کروائی اور شہر میں اشیا خورد کی قیمتوں میں کمی کروائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے

## پنجگور میں مہنگائی کا جن بے قابو، عوام پریشان

### قیمتوں میں کمی لانے کے حکومتی دعوے دھرے رہ گئے، خود ساختہ مہنگائی بدستور جاری

پنجگور (نیوز ایجنسیاں) پنجگور میں مہنگائی کے جن بوتل سے باہر نکل آیا ہے اشیا خورد و نوش اور دیگر چیزوں میں مہنگائی کا سلسلہ بدستور برقرار حکومتی اور انتظامیہ کی جانب سے اشیا خورد و نوش کی چیزوں کے قیمتوں میں کمی لانے کے دعوے دھرے سے دھرے رہ گئے سبزی چھلی گوشت فروشوں نے ضلعی انتظامیہ کی کاری کردہ لیسٹ ہوا میں اڑا دیا ہے مہنگائی عروج پر پہنچ گیا ہے شہریوں کی قوت خرید جواب دے گیا ہے یوٹیلیٹی اسٹورز پر اشیا خورد و نوش کی قلت ہو گئی ہے پنجگور میں خود ساختہ مہنگائی اور تاجروں کی ناجائز منافع خوری کا سلسلہ جاری ہے ملکی سطح پر جن چیزوں کی ریٹ پر کمی کیا گیا ہے ڈسٹرکٹ پنجگور میں اس پر ایک فیصد بھی عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے مثلاً چاول گھی کوکنگ آئل سمیت دیگر چیزوں کی ریٹ میں کمی ہو گیا ہے مگر پنجگور کے تاجران نے تاحال کمی نہیں کی ہے پنجگور کے تاجران کا عجیب طریقہ کار ہے جب نرخ اوپر سے بڑھ جاتے ہیں تو ایک گھنٹے کے اندر فوری طور پر بڑھاتے ہیں مگر جب کمی کا اعلان ہوتا ہے تو کوئی کمی نہیں کی جاتی اور گاہک کے پوچھنے پر جواب ملتا ہے کہ ہمارے پرانے مال ہیں جب نرخ بڑھ جاتا ہے تو کبھی پرانے مال کا مثال نہیں دیتے عوامی حلقوں کے مطابق تاجران کا یہ اقدام ناجائز منافع خوری کے سوا کچھ نہیں ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر پنجگور اور ڈسٹرکٹ کنٹرول پرائس کمیٹی کے سربراہ سے اپیل کی ہے کہ مہنگائی پر کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں اور قریبی ڈسٹرکٹ کے ریٹ پر نظر رکھ کر عوام کو ریلیف دیا جائے دوسری جانب یوٹیلیٹی اسٹورز پر اشیا خورد و نوش کی قلت ہے خصدار ریجن کے زمہ داران مال کو دوسرے علاقوں میں فروخت کر کے کرایوں کے مد میں ہر سال لاکھوں روپے ہیر پھیر کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر پنجگور تحقیقات شروع کریں اور زمہ داران کے خلاف کاروائی کی سفارش کریں دریں اثنا ملک بھر میں چاول اور چینی کے ریٹ نیچے آگئے ہیں مگر پنجگور میں انکی قیمتیں دس ماہ پرانی ہیں۔


Century Express Quetta


## آٹے کی قیمت میں کمی کے باوجود روٹی کی قیمت کم نہ ہوسکی

### حکومت گیس سستی کرے، تندور مالکان، عوامی حلقوں کا روٹی کی قیمت 20 روپے کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں کمی کے باوجود روٹی سستی نہ ہوسکی ہتندور مالکان اب بھی پرانی قیمتوں میں روٹی فروخت کر رہے ہیں جبکہ ضلعی انتظامیہ روٹی کی قیمت کم کروانے ناکام نظر آرہی ہے۔ شہر میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلہ 3 ہزار سے کم ہو کر 2100 روپے پچاس کلو آٹے کی بوری کی قیمت 6 ہزار سے کم ہو کر 5200 روپے کی ہو گئی اسکے باوجود تندور مالکان 3 سو گرام کی روٹی 40 روپے میں فروخت کر رہے ہیں، سنچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے تندور مالکان کا کہنا تھا کہ حکومت گیس اور دیگر خوردنی اشیا سستی کر دے تو وہ بھی روٹی کم قیمت پر بیچنا شروع کر دیں گے۔ عوامی حلقوں کا کہنا کہ جس طرح آٹا کی قیمت میں کمی ہوئی ہے انتظامیہ 40 روپے والی روٹی بیس روپے مقرر کرے انہوں نے صوبائی حکومت اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں کی طرح روٹی کی قیمت کم کرائیں۔


CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 21 JUN 2024 Page No. 22

## بلوچستان کے مسائل: متوازن صوبائی بجٹ لانے کا عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، قبائلی عمائدین اور عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت یہ موجودہ مخلوط صوبائی حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بہتری اور اصلاحات کو یقینی بنایا جائے گا وزیراعلیٰ نے یہ بھی بتایا ہے کہ حکومت متوازن بجٹ لانے کے لئے کوشاں ہے اور وسائل کا ضیاع روکا جائے گا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مشکل حالات میں متوازن بجٹ لانے کے لئے کوشاں ہیں، تعلیم، صحت، ذرائع مواصلات، اور زراعت سمیت براہ راست عوامی وابستگی کے شعبوں کو اہمیت دی جارہی ہے، آئندہ بجٹ میں ترقیاتی منصوبے عوامی ضروریات سے ہم آہنگ ہوں گے، وسائل کا ضیاع نہیں ہونے دیں گے، صرف قابل عمل اجتماعی منصوبے بجٹ کا حصہ ہوں گیآئندہ مالی سال کے بجٹ میں طبی سہولیات کو بہتر بنا کر غریب لوگوں کو ریلیف دینا ہماری ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ نے بجلی چوری کے تدارک و روک تھام کے لئے ٹاسک فورس بنانے کا بھی عندیہ دیا ہے اور اگلے مالی سال کے بجٹ، مسائل اور وسائل پر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ محدود دستیاب وسائل بھی بدعنوانیوں کی نظر ہوجاتے ہیں، محکمے بہتر ہوں گے تب ہی عوام کی بہتری ہوگی، ہر شعبے میں اصلاحات لائی جارہی ہیں، سخت فیصلے لینے ہوں گے، بجٹ میں عوام کی بہبود کو مدنظر رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں صحت اور تعلیم کے لئے غیر معمولی وسائل مختص کئے جائیں گے، گورننس کی بہتری سے عوامی مسائل کا حل ممکن ہے اس سے قبل بھی متعدد بار وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صحت، تعلیم ور دیگر شعبوں میں اصلاح و بہتری کے حوالے سے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے آئے ہیں ابھی عید الاضحیٰ سے چند یوم قبل ان کی زیر صدارت اگلے مالی سال کے بجٹ سے متعلق جو جائزہ اجلاس منعقد ہوا تھا اس سے خطاب کرتے ہوئے بھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دوٹوک انداز میں یہ بات کہی تھی کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں صحت اور تعلیم کو ترجیحات میں سرفہرست رکھا جائے گا عام طور پر بجٹ کی تیاری کے دوران جانے انجانے میں جو غلطیاں سرزد ہوتی آئی ہیں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ان غلطیوں کو نہیں دہرایا جائے گا۔ تعلیم اور صحت تو اولین ترجیحات ہی ہیں ساتھ ہی اچھی طرز حکمرانی کے حوالے سے بھی متذکرہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے دوٹوک عزم کا اظہار کیا اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح اور واشگاف الفاظ میں یہ بات دہرائی کہ بیڈ گورننس کو ختم کیا جائے گا نیز یہ کہ صوبائی حکومت کی کارکردگی جانچنے کا آغاز بجٹ کی منظوری اور عمل درآمد کی رفتار سے ہوگا نیننڈر رنگ پراسس یکم جولائی سے شروع کریں گے اس لئے ترقیاتی منصوبوں پر یکم جولائی سے عمل درآمد صوبائی حکومت کی کارکردگی کا امتحان ہوگا ہمیں بھی وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی بات سے اتفاق ہے بجٹ میں جو اہداف و ترجیحات رکھی جاتی ہیں ان پر موثر عملدرآمد کسی بھی حکومت کے لئے کسی امتحان سے کم نہیں ہوتا۔ بلوچستان کی اگر بات کی جائے تو ہر چند کہ بلوچستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے مگر بدقسمتی اور المیہ یہ ہوا کہ صوبے میں نہ تو معدنی شعبے کو ماضی میں کوئی ترجیح اور اہمیت دی گئی نہ اسے جدید خطوط پر استوار کیا گیا اور نہ ہی بلوچستان کے اپنے وسائل کی بڑھوتری و اضافے کے حوالے سے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جاسکے نتیجہ یہ نکلا کہ بلوچستان کے پاس وسائل کی کمی ہوگئی ایک طرف صوبے کے اخراجات غیر معمولی حد تک بڑھتے رہے ملازمین کی تنخواہیں اور پنشن سے لے کر ترقیاتی حجم تک اخراجات تو بڑھے لیکن وسائل میں اضافہ نہیں ہوا اٹھارہویں ترمیم اور این ایف سی میں صوبوں کا شیئر قدرے بڑھنے سے صوبوں کے پاس وسائل آگئے مگر آج بھی بلوچستان کی آمدن اور اخراجات کا میزانیہ دیکھیں تو یہ بات ثابت ہوجائے گی کہ بلوچستان کی اپنے ذرائع سے آمدن انتہائی محدود بلکہ نہ ہونے کے برابر ہیں ایسے میں صوبائی حکومت کے لئے متوازن بجٹ لانا جس میں آمدن و اخراجات میں بھی توازن ہو، صوبے کی ترقیاتی ضروریات کا بھی احاطہ کیا گیا ہو عوام کی امیدوں و توقعات کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہو ایسا بجٹ لانا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے بلوچستان کا بجٹ مسلسل خسارے کا حامل بجٹ ہوتا ہے اور دو ہزار تیرہ سے لے کر آج دو ہزار چوبیس تک پیش ہونے والے صوبائی میزانیوں کا تقابلی جائزہ لیا جائے تو ایک اور بات یہ بھی ثابت ہوگی کہ جو بھی حکومت آئی اس نے جاری سکیمات، نئی سکیمات، آمدن، اخراجات، شعبہ جاتی ترجیحات کے حوالے سے ایک دوسرے کی پالیسی کو فالو نہیں کیا کوئی کسی حکومت نے تعلیم اور صحت کا بجٹ غیر معمولی حد تک بڑھایا مگر ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی حالت زار آج بھی ناگفتہ بہ ہے کسی نے آبنوشی سکیمات کو ترجیح دی کسی نے مواصلات و تعمیرات کو مگر اس دوران ایک تو بلوچستان کی پی ایس ڈی پی بک کا حجم بڑھتا گیا اور اوپر سے ترقیاتی ترجیحات پر بھی سوالات اٹھنے لگے اور آج اگر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی یہ کہتے ہیں کہ وہ سابقہ ادوار کی غلطیوں کو نہیں دہرائیں گے تو یہ ایک اچھی بات ہے زراعت اور دیگر پیداواری شعبے خصوصی توجہ چاہتے ہیں بلوچستان بنیادی طور پر ایک زرعی صوبہ ہے اور اگر حکومت زراعت کے لئے خاطر خواہ فنڈ ز رکھتی ہے تو اس سے صوبے کی معیشت او رمعاشرت پر بہت مثبت اثرات مرتب ہوں گے اسی طرح معدنی شعبہ، ماہی گیری، صنعت و حرفت، توانائی، لائیو سٹاک جیسے شعبے بھی خصوصی توجہ چاہتے ہیں دوسری جانب ڈویلپمنٹ پیکجز یعنی سڑکوں کی تعمیر و توسیع، صحت و تعلیم اور آبنوشی جیسے شعبوں میں جدت، بہتری اور اصلاح یہ بھی اقدامات ناگزیر ہیں روزگار کے ذرائع کی فراہمی و فراوانی، جو وسائل موجود ہیں انہیں بدعنوانی اور بدانتظامی سے بچائے رکھنے اور صوبے میں اچھی اور عوام دوست طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کی ازحد ضرورت ہے اور اس بابت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کے عزم کو ہم اسے سراہتے اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ موجودہ حکومت اگلے مالی سال کے بجٹ میں صوبے کی ضروریات، وسائل اور مسائل کو مدنظر رکھے گی اور ایک ایسا بجٹ لائے گی جس میں بلوچستان کی ترقی، تعمیر نو، مختلف شعبہ جات کی بہتری جدت و اصلاح اور دیگر اہداف کا نہ صرف تعین ہو بلکہ متعین اہداف کے حصول کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

CamScanner

# Balochistan's Budget Proposal for FY 2024-25

As Balochistan gears up to present a budget that prioritizes the welfare and prosperity of its people, the comprehensive approach outlined by the provincial government sets a promising foundation for inclusive growth and sustainable development. By focusing on strategic investments, social welfare initiatives, and infrastructure development, Balochistan is poised to embark on a transformative journey towards a more prosperous and equitable future for its citizens. The strategic planning and financial vision of Balochistan's provincial government are poised to bring about a transformative fiscal year in 2024-25. With a focus on uplifting the lives of its citizens through progressive policies and substantial budget allocations, the upcoming budget is set to exceed Rs850 billion, marking a significant milestone in the province's development trajectory. The announcement made by Balochistan's Planning and Development Minister Zahoor Ahmed Buledi and Finance Minister Shoaib Nosherwani during a joint press conference in Quetta sheds light on the comprehensive nature of the proposed budget. Emphasizing a people-friendly approach, the ministers outlined key initiatives that are aimed at fostering sustainable growth and enhancing the quality of life for the people of Balochistan.

One of the standout features of the proposed budget is the substantial increase in salaries for government employees across different grades. With a 25% raise for grades 1 to 16 and a 20% raise for grades 17 to 22, the provincial government is committed to ensuring fair compensation for its workforce. Additionally, a 15% increase in pensions reflects the government's commitment to supporting retired personnel. The significant allocation of Rs58 billion from the federal Public Sector Development Programme underscores the collaborative efforts to bolster infrastructure and developmental projects in Balochistan. Minister

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

تعلقا ت عا مه بلو چستا ن

Daily: Balochistan Express Quet

Bullet No. 7

Dated: 21 JUN 2024

Buledi's acknowledgment of the need for streamlining projects and focusing on essential schemes highlights the government's commitment to efficient resource utilization and targeted development outcomes. Education emerges as a focal point in the upcoming budget, with initiatives such as a new scholarship program for PhD students in critical disciplines, free education up to grade 16 for martyrs' children, and increased grants for universities. Furthermore, the allocation of funds to enroll out-of-school children underscores the government's dedication to promoting education as a means of empowerment and social upliftment. In the realm of healthcare, the budget proposal envisions the establishment of new healthcare facilities, including a hospital in Nasirabad Division and a Satellite Hospital in Quetta. Allocations for addressing critical health issues such as heart diseases, burn units, breast cancer treatment, and health cards reflect a proactive approach towards enhancing healthcare services in the province.

The enhancement of infrastructure through road projects is also a key component of the proposed budget. Investments in key transportation routes such as the Quetta-Karachi highway, Hoshab-Awaran highway, Nokkundi-Mashkel road, and others underscore the government's commitment to improving connectivity and facilitating economic growth in the region. Minister Nosherwani's assertion that the upcoming budget aims to be people-friendly is reinforced by the allocation of a significant portion of the non-developmental budget to education and health sectors. The increase in local council grants further emphasizes the government's commitment to decentralized governance and grassroots development.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 21 JUN 2024 Page No. 26


# ''ایف سی بلوچستان! کامیاب انسداد اسمگلنگ آپریشنز''

افکارِ زاہدی



نسیم الحق زاہدی

[illegible]

بلوچستان میں اسمگلنگ کی روک تھام اور ملکی معیشت میں بہتری لانے کیلئے ایف سی سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے انسداد اسمگلنگ آپریشنز کامیابی سے جاری ہیں۔ گذشتہ دنوں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ماشکیل، تفتان بارڈر، تربت اور پنجگور اسمگلنگ کرنیوالے نیٹ ورک کو موثر طریقے سے ناکام بناتے ہوئے انسداد اسمگلنگ آپریشنز کے دوران، آٹا، چینی، یوریا، چاول، نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، لائیو سٹاک، نارکوٹکس، تیل اور ممنوعہ اشیاء سمیت غیر ملکی کرنسی برآمد کیں۔ انسداد اسمگلنگ کی ان کارروائیوں میں پکڑی گئی اشیاء کی مالیت تقریباً دس ارب روپے ہے۔ ریاست اور عوام دشمن عناصر کا قلع قمع کرنے کے عزم کے ساتھ ایف سی بلوچستان کی جانب سے غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے 2023ء کے دوران بھی انسداد اسمگلنگ کی بڑی کارروائیاں کی گئی تھیں۔ جس کے تحت 3437 میٹرک ٹن چینی، 2441 میٹرک ٹن یوریا کھاد، 324 میٹرک ٹن بیٹل نٹس، 71690 لیٹرز ڈیزل اور 1378 میٹرک ٹن گندم کی اسمگلنگ ناکام بنائی گئی تھی۔ اسمگلرز یہ اشیاء ٹرکوں اور مسافر بسوں میں چھپا کر اسمگل کر رہے تھے۔ جسے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے جوانوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا۔ یہ کارروائیاں ژوب، پشین، مستونگ، نوشکی، چمن، ڈیرہ اللہ یار اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں کی گئیں۔ اس وقت ایرانی تیل کی اسمگلنگ کا دھندہ عروج پر ہے ایک رپورٹ کے مطابق ایرانی تیل کی اسمگلنگ سے حاصل ہونیوالی آمدنی میں سے کالعدم تنظیمیں حصہ وصول کرتی ہیں ادائیگیوں کیلئے حوالہ ہنڈی کا استعمال ہوتا ہے۔ افسوس! ایرانی کی تیل کی اسمگلنگ میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ملک میں ہر روز 89 لاکھ لیٹر تیل چاغی، واشک، پنجگور، کیچ کے پانچ زمینی اور گوادر کے ایک سمندری راستے سے اسمگل کر کے لایا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں سالانہ 2 ارب 80 کروڑ لیٹر ایرانی ڈیزل اور پٹرول اسمگل کر کے لایا جا رہا ہے جس سے قومی خزانے کو کم از کم 227 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ اسمگل شدہ ایرانی تیل کا تقریباً 45 فیصد سندھ اور 25 فیصد پنجاب اور خیبر پشتونخوا میں منتقل کیا جاتا ہے جبکہ 30 فیصد بلوچستان میں استعمال ہوتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے۔ بلوچستان کی لگ بھگ 15 فیصد آبادی کا روزگار ایرانی تیل کی اسمگلنگ سے وابستہ ہے۔ ایرانی تیل کے کاروبار سے وابستہ افراد آئے روز سراپا احتجاج رہتے ہیں، گذشتہ دنوں دالبندین کے قریب احتجاجی کیمپ بھی لگایا گیا تھا۔ جس میں وہاں کے مقامی افراد نے مطالبہ کیا کہ باہر کے آنے والے ٹیٹان مزدا اور بیک گاڑی والوں کی تیل لوڈ کرنے پر پابندی عائد کی جائے۔ کیونکہ ان کی وجہ سے دالبندین میں تیل دستیاب نہیں اگر ہے تو وہ 180 روپے فی لیٹر ہے اس وقت دالبندین کے 2500 زمباد گاڑیاں رجسٹرڈ ہیں لیکن انہیں ایرانی سرحد پر ہفتوں تک لوڈ نہیں ملتا۔ چیک پوسٹ پر لسٹ آویزاں ہے جس میں درج ہے کہ فی گاڑی 4500 لیٹر تیل لے جاسکتا ہے لیکن ٹیٹان مزدا اور بیک گاڑی والے بیک وقت 40 ہزار لیٹر تیل لے جاتے ہیں۔ ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں بلوچستان کے کئی موجودہ و سابق وزرا میں سابق صوبائی اسد بلوچ، لالہ رشید بلوچ، حمل کلمتی، سابق وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کے بھائی جمیل بزنجو، سابق صوبائی وزیر محمد خان لہڑی کے بھائی آصف لہڑی سمیت کئی دیگر سیاستدان ملوث پائے گئے ہیں۔ کسٹم، پولیس، لیویز، ضلعی انتظامیہ، بارڈر پولیس سمیت مختلف محکموں میں چھپی کالی بھیڑوں کو بھی بے نقاب کیا گیا جو ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں ملوث ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب، سندھ، خیبر پشتونخوا اور بلوچستان میں ایرانی تیل کی فروخت میں 533 ملوث غیر قانونی اور غیر لائسنس یافتہ پٹرول پمپس ملوث ہیں۔ اس وقت ملک کے 3 بڑے صوبوں میں 70 فیصد ایرانی تیل کا استعمال ہو رہا ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے 13 روٹس سے ایرانی تیل اسمگل ہوتا ہے۔ ایران کی سرحد سے ملحق پاکستانی علاقے مند کو اسمگلنگ کا گڑھ سمجھا جاتا ہے۔ اس کاروبار میں اس قدر پیسہ آگیا ہے کہ افیون کے کئی مشہور اسمگلر بھی اب غیر قانونی طور پر درآمد ہونے والے کم قیمت ڈیزل کی تجارت کرنے لگے ہیں۔ بلوچستان میں ڈیزل کے ڈیلرز اتنا زیادہ منافع کما رہے ہیں کہ اب کئی مسافر بسوں کے مالکان اپنی گاڑیاں بیچ کر ایسے مضبوط پک اپ ٹرکس خرید رہے ہیں جو سرحدی علاقوں کے اونچے نیچے راستوں پر تیل کی ترسیل کر رہے ہیں۔ ایک ہزار 800 سے 2 ہزار زمباد گاڑیاں، جن میں سے ہر ایک کی گنجائش 3 ہزار 200 سے 3 ہزار 400 لیٹر ہے، روزانہ ڈیزل کی سرحد پار سے نقل و حمل کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ اسی طرح ایک ہزار 200 سے ایک ہزار 300 کشتیاں جن میں سے ہر ایک، ایک ہزار 600 سے 2 ہزار لیٹر تیل لے جانے کی صلاحیت رکھتی ہے، بنیادی طور پر کنٹانی، گوادر کے راستے پاکستان میں داخل ہو رہی ہیں، سرحد پار کرنے کے بعد، اسمگل شدہ ایرانی تیل گوادر، پنجگور، ماشکیل (واشوک)، چاغی اور کوئٹہ میں واقع زیر زمین ذخیرہ کرنے کی تنصیبات میں ذخیرہ کیا جاتا ہے، جہاں سے اسے مزید خفیہ طریقے سے گاڑیوں میں منتقل کیا جاتا ہے۔ پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی سرحد 800 کلو میٹر طویل ہے۔ مسلمہ بین الاقوامی قوانین کے تحت اس سرحد کو کراس کرنے کا واحد سرحدی شہر تفتان ہے۔ بلوچستان کے ضلع چاغی کا یہ شہر کوئٹہ سے 600 کلو میٹر کے فاصلے پر ہے دونوں ممالک کی سرحدی چوکی "میر جاوہ" ہے۔ زمینی اعتبار سے دونوں ممالک کے درمیان تمام سرکاری تجارت تفتان کے راستے ہوتی ہے لیکن چھوٹے پیمانے پر ایرانی تیل کی اسمگلنگ تقریباً 250 راستوں سے ہوتی ہے۔ آئل ٹینکرز کے ذریعے یہ اسمگلنگ میر جاوہ اور تفتان کے راستے ہوتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق ایران پاکستانی سرحد پر دونوں ممالک کے سیکورٹی سٹاف اور کسٹمز حکام کے موجودگی کے باوجود سو سے ایک سو تیس آئل ٹینکرز روزانہ ایرانی تیل لے کر پاکستان آتے ہیں۔ ان ٹینکروں میں 25 ہزار سے چالیس ہزار لیٹر تک تیل ہوتا ہے۔ یہ تیل تفتان سے ضلع چاغی کے راستے کوئٹہ پہنچتا ہے۔ بلاشبہ ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے والے اسمگلر مافیا جن میں منشیات، تیل سے لیکر انسانی اسمگلر بھی شامل ہیں ان کے خلاف ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) و دیگر سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کے ساتھ قانون نافذ کرنے والوں اداروں کے ساتھ مل کر ملک دشمن کارروائیوں کی بیخ کنی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. ________ Dated: 20 JUN 2024 Page No. ________

## CM meets lawmakers, tribal elders

QUETTA. Chief Minister of Balochistan Mir Sarfraz Bugti on Wednesday met with provincial ministers, assembly members, officers, tribal leaders, and public delegations. On the third day of Eid, the doors of the Chief Minister Secretariat remained open for the public. People from different walks of life met the CM and extended Eid greetings. Provincial Finance Minister Mir Shoaib Nosherwani, Haji Ali Madad Jatak, Saleem Khosa, Raheela Hameed Durrani, Bakht Kakar, Haji Muhammad Khan Lehri, Raheela Hameed Durrani, Bakht Kakar, Haji Muhammad Khan Lehri, and others also met with the chief minister. "We are striving to bring a balanced budget in challenging circumstances," said Chief Minister while talking to the lawmakers and other people. "We are prioritizing sectors directly related to the public, such as education, health, communication, and agriculture," he said. APP

CamScanner